

یادداشت

# 1

# درس اوّل

# الفبای فارسی

## سبق کا تعارف

اس سبق میں فارسی الفبا، ان کی آوازیں، ان کے نام، ان کی چھوٹی بڑی مختلف شکلیں، اعراب (یعنی زبر، زیر، پیش) اور حروف کو ملا کر لکھنا سکھایا گیا ہے۔ جب حروف سے الفاظ بنائے جاتے ہیں تو حروف کہیں پوری شکل میں لکھے جاتے ہیں اور کہیں مختصر شکل میں۔ اس سبق میں طلبا کو چھوٹی شکلوں سے بھی متعارف کرایا گیا ہے۔

## اس سبق سے آپ سیکھیں گے

- اس سبق سے آپ فارسی الفبا (یعنی فارسی حروف تہجّی) سیکھیں گے۔
- فارسی الفبا کے نام جانیں گے۔
- لکھتے وقت حروف کی چھوٹی بڑی شکلیں سیکھیں گے۔
- اعراب یعنی 'زبر'، 'زیر' اور 'پیش' جانیں گے۔
- حروف کو پڑھنا اور ملا کر لکھنا سیکھیں گے۔



یادداشت



## 1.1 اصل متن

### فارسی الفبا (حروف تہجّی)

ا ب پ ت ث

ج چ ح خ

د ذ ر ز ژ

س ش ص ض

ط ظ ع غ

ف ق ک گ ل

م ن و ه ی



یادداشت

## 1.2 حروف تہجی

سارے الفاظ حروف تہجّی سے بنتے ہیں۔ ان حروف کی اپنی آوازیں ہوتی ہیں۔ لیکن جب یہ حرف 'حروف تہجّی' ہیں تو ان آوازوں کے اپنے نام بھی ہوتے ہیں۔ ذیل میں حروف تہجّی اور وہ نام بھی دیے گئے ہیں جن سے یہ پکارے جاتے ہیں:

| حرف | نام | حرف | نام |
|---|---|---|---|
| ا | الف | ب | بِ |
| پ | پِ | ت | تِ |
| ث | ثِ | ج | جیم |
| چ | چِ | ح | حِ |
| خ | خِ | د | دال |
| ذ | ذال | ر | رِ |
| ز | زِ | ژ | ژِ |



یادداشت

| | | | |
|---|---|---|---|
| س | سین | ش | شین |
| ص | صاد | ض | ضاد |
| ط | طا | ظ | ظا |
| ع | عین | غ | غین |
| ف | فِ | ق | قاف |
| ک | کاف | گ | گاف |
| ل | لام | م | میم |
| ن | نون | و | واو |
| ہ | ہِ | ی | یِ |

# 1.3 حروف تہجی کی شکلیں



یادداشت


حروف تہجی کی آپ نے پوری پوری شکلیں دیکھیں اور پڑھیں۔ لیکن جب ہم ان حروف سے الفاظ بناتے ہیں اور پھر ان الفاظ کو اپنے جملوں میں لکھتے ہیں تو ان حروف کی اکثر چھوٹی یا مختصر شکلیں لکھی جاتی ہیں۔ آپ کی سہولت کے لیے ذیل میں ان حروف تہجی کی مختصر شکلیں لکھی گئی ہیں۔ یہی ہاتھ سے لکھنے یا پھر ٹائپ اور کمپوزنگ کرنے میں استعمال ہوتی ہیں:

| الفبا | حروف تہجّی | ابتدائی شکل | درمیانی شکل | آخری شکل |
|---|---|---|---|---|
| الف | ا | ا | ـا/ا | ـا/ا |
| ب | ب | بـ | ـبـ | ـب |
| پ | پ | پـ | ـپـ | ـپ |
| ت | ت | تـ | ـتـ | ـت |
| ث | ث | ثـ | ـثـ | ـث |
| ج | ج | جـ | ـجـ | ـج |
| چ | چ | چـ | ـچـ | ـچ |
| ح | ح | حـ | ـحـ | ـح |



یادداشت

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| خ | خ | خـ | ـخـ | ـخ |
| د | د | د | ـد | ـد |
| ذ | ذ | ذ | ـذ | ـذ |
| ر | ر | ر | ـر | ـر |
| ز | ز | ز | ـز | ـز |
| ژ | ژ | ژ | ـژ | ـژ |
| س | س | سـ | ـسـ | ـس |
| ش | ش | شـ | ـشـ | ـش |
| ص | ص | صـ | ـصـ | ـص |
| ض | ض | ضـ | ـضـ | ـض |
| ط | ط | طـ | ـطـ | ـط |
| ظ | ظ | ظـ | ـظـ | ـظ |



یادداشت

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ع | ع | عـ | ـعـ | ـع |
| غ | غ | غـ | ـغـ | ـغ |
| ف | ف | فـ | ـفـ | ـف |
| ق | ق | قـ | ـقـ | ـق |
| ک | ک | کـ | ـکـ | ـک |
| گ | گ | گـ | ـگـ | ـگ |
| ل | ل | لـ | ـلـ | ـل |
| م | م | مـ | ـمـ | ـم |
| ن | ن | نـ | ـنـ | ـن |
| و | و | و | ـو | ـو |
| ه/ھ | ه/هـ | ه/هـ | ـهـ/ـھـ | ـه |
| ی | ی | یـ | ـیـ | ـی |



یادداشت

## 1.4 اِعراب

الفاظ کو زبر، زیر اور پیش کی مدد سے پڑھا جاتا ہے۔ ان کو اِعراب کہا جاتا ہے۔ انگریزی زبان میں حروف کی مختلف آوازوں کو A,E,I,O,U کی مدد سے ادا کیا جاتا ہے جنھیں Vowel (حروفِ علّت) کہتے ہیں۔ فارسی میں زبر، زیر اور پیش کی علامتیں درج ذیل ہیں:

زبر = ـَ

زیر = ـِ

پیش = ـُ

دراصل زبر «ا» کی مختصر آواز ہے۔

زیر «ی» کی مختصر آواز ہے۔


پیش «و» کی مختصر آواز ہے۔

اِعراب (زبر، زیر اور پیش) لگا کر ہی آوازیں ادا کی جاتی ہیں لیکن فارسی میں لکھتے وقت ان علامتوں کا لگانا ضروری نہیں ہے۔ البتہ کبھی کبھی سہولت کے لیے لگا بھی دیا جاتا ہے۔

## یادداشت

(1) جن حروف پر 'زبر'، 'زیر' اور 'پیش' نہیں ہوتا اور وہاں آواز ٹھہر جاتی ہے، اس کو ظاہر کرنے کے لیے علامت جزم «ـْ» کا استعمال بھی کیا جاتا ہے مثلاً: «دَرْب» (اس میں «د» پر زبر ہے اور «ب» پر زبر، زیر یا پیش نہیں ہے بلکہ جزم ہے اور یہاں آواز ٹھہر جاتی ہے۔

(2) کچھ لفظوں کے شروع میں «ا» کو کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔ جہاں «ا» کو کھینچ کر پڑھا جاتا ہے وہاں «ا» پر مَد کی علامت «~» لگائی جاتی ہے۔ «ا» کے اوپر مَد کی علامت اس طرح «آ» لگے گی۔



یادداشت

فارسی الفبا پر ’زبر‘، ’زیر‘ اور ’پیش‘ کے ساتھ حروف کی شکلیں دیکھیے:

حروف پر زبر «ـَ» لگا ہوا:

اَ بَ پَ تَ ثَ جَ چَ حَ خَ

دَ ذَ رَ زَ ژَ سَ شَ صَ ضَ

طَ ظَ عَ غَ فَ قَ کَ گَ

لَ مَ نَ وَ هَ یَ

حروف پر زیر «ـِ» لگا ہوا:

اِ بِ پِ تِ ثِ جِ چِ حِ خِ

دِ ذِ رِ زِ ژِ سِ شِ صِ ضِ

طِ ظِ عِ غِ فِ قِ کِ گِ

لِ مِ نِ وِ هِ یِ

حروف پر پیش «ـُ» لگا ہوا:

اُ بُ پُ تُ ثُ جُ چُ حُ خُ

دُ ذُ رُ زُ ژُ سُ شُ صُ ضُ

طُ ظُ عُ غُ فُ قُ کُ گُ

لُ مُ نُ وُ هُ یُ

## 1.5 حروفِ تہجّی کی مختلف شکلیں



یادداشت

حروف ان کی آوازوں اور ان سے بنے ہوئے لفظوں کو دیکھیے، پڑھیے اور لکھیے :

ا آ

بـ ب

آب با بابا

باب با آب

پـ پ

پاپا باپا پاپ باب


تـ ت ط

آت تا طا تاب تات طاطا

باپات بابات

تاج جج چای چپ چچ چمن

حاجی حال خام خالی خون میخ


یادداشت

دارو دانشجو درد دست

ذات ذکر ذوق ذهن

ر

آر عار بار آراء تار

ژ

ژاژ اَژدَر ژاتا

ژا باژ تاژ پَژ بَژ دَژ

آسمان سطر سال سیب

شأن شور شرافت تشریف

صافی تصویر صندلی تصدیق

اغراض ضرر مریض ضعیف

مرتضٰی عرضی مرضی ضمیر


یادداشت

طائر طور عطر خط

ظاهر ظهور اظهار حافظ

عـ ـعـ ـع ع ء ـٔ

عا آع آء طاع باء

فاضل فن فانی

قرآن قالین قاشق

اشفاق عاشق دقیقه


کارساز کبوتر تکثیر ذاکر

نـ ن

آن نان نا

نار اَنار

ناب ناباب زن



یادداشت

نَدارَد نَداد

نَعـناع ذَزَد

اُ ـُـ و

و

دُو اُتاق هُنر تو

نُه دَوا واژه

فـ ف

بَرف اُفق فَوَران

مُوافِقَت موافِق

لـ ل

لُطف فعل فاعِل

لـال لـاله مـلافه




تَوَلُّد ( ّ = ل ل )

او و

و

## 1.6 حروف تہجی کو خوش خطی کے ساتھ اپنی کاپی میں لکھیے۔

## 1.7 اس سبق سے آپ نے سیکھا

- اس سبق سے آپ نے فارسی الفبا کو پڑھنا اور لکھنا سیکھا۔
- آپ نے فارسی الفبا کی آوازیں اور ان کے ناموں سے واقفیت حاصل کی۔
- فارسی الفبا کی چھوٹی بڑی شکلیں سمجھیں اور ان کو لکھنا سیکھا۔
- حروف پر اِعراب یعنی 'زبر'، 'زیر' اور 'پیش' لگنے کی بعد ان کی آوازوں سے واقفیت حاصل کی۔